# پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ

PHDL

## اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 358 کی پاسداری کرتے ہوئے پاکستان ہوٹلز ڈویلپرز لمیٹڈ کا سالانہ اجلاس عام 31 مارچ 2026 دن 11:30 بجے رمادا پلازہ کراچی، سٹار ایونیو، ٹرمینل-1، جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ کراچی میں درج ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا:

### معمولی امور

1. 31 دسمبر 2024 کو منعقدہ کمپنی کے سالانہ اجلاس عام کی کارروائی کی تصدیق کرنا۔
2. 30 جون 2025 کو ختم ہونے والے مالی سال کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی منظوری دینا۔
3. 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال (رضا کارانہ بندش کے آغاز کی تاریخ سے بارہ ماہ) کے لئے کمپنی کے آڈٹ شدہ فنانشل سٹیٹمنٹس مع اس پر لیکوئڈیٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ زیر غور لانا اور اس کی منظوری دینا۔
4. لیکوئڈیٹرز کی اجازت سے کوئی دیگر امور۔

مزید برآں، کمپنی کے لیکوئڈیٹرز نے فیصلہ کیا ہے کہ لیکوئڈیشن سے حاصل ہونے والی رقم میں سے موجودہ واجبات اور مستقبل میں پیدا ہونے والی ممکنہ ذمہ داریوں کے لیے رقم مختص کرنے کے بعد بقیہ رقم میں سے فی شیئر 50 (پچاس روپے) شیئر ہولڈرز/ کنٹری بیوٹریز کو ادا کیے جائیں گے۔

بحکم لیکوئڈیٹرز
(مسعود انور)
کمپنی سیکرٹری

کراچی: 10 مارچ 2026

### نوٹس:

1. کمپنی کی حصص منتقلی کی کتب 25 مارچ 2026 تا 31 مارچ 2026 (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ ہمارے انڈیپنڈنٹ شیئر رجسٹرار آفس میسرز ایف ڈی رجسٹرار سروس (پرائیویٹ لمیٹڈ)، 17 ویں منزل، صائمہ ٹریڈ ٹاور-اے، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی یا کمپنی کو 24 مارچ 2026 کو کاروبار بند ہونے پر ڈیویڈنڈ کے حقدار کا تعین کرنے اور موصول ہونے والی منتقلیوں، جو ہر لحاظ سے مکمل ہوں، اجلاس میں شرکت کے لئے اہل تصور کیا جائے گا۔
2. کمپنی کی سالانہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔ رپورٹ کی ہارڈ کاپی وصول کرنے کے خواہشمند کوئی بھی رکن اس کے لئے ای میل مع مکمل ڈاک پتہ اور فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر اس پتہ پر لکھ سکتے ہیں: headoffice@rphcc.com
3. اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل رکن کسی دوسرے رکن کو اپنی پراکسی کے طور پر مقرر کرنے اور اپنے ایماء پر ووٹ دینے کے لئے مقرر کرنے کا استحقاق رکھتے ہیں۔ ہر لحاظ سے مکمل پراکسی کو موثر حیثیت دینے کے لئے لازم ہے کہ یہ اجلاس کے انعقاد کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائے۔ پراکسی فارم، انگریزی اور اردو زبانوں میں، سالانہ اجلاس عام کے نوٹس کے ہمراہ ارکان کو ارسال کر دیئے گئے ہیں۔
4. جن ارکان نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) کی فوٹو کاپیاں جمع نہیں کرائیں ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد انہیں ارسال کر دیں۔
5. سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو مزید برآں سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے وضع کی گئی گائیڈ لائنز پر عمل کرنا ہوگا۔

a) سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لئے

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشن کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنی شناخت کی تصدیق کے لئے اپنا اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ دکھائیں گے۔

ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد کنندہ کا نمونہ دستخط، اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگا (اگر یہ اس سے قبل فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

b) سالانہ اجلاس عام میں آن لائن شرکت

i) اجلاس میں وڈیو لنک کے ذریعے شرکت کے خواہشمند کسی بھی رکن سے درخواست ہے کہ وہ اپنا سی این آئی سی نمبر، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر اس ای میل پتہ پر فراہم کر دیں: headoffice@rphcc.com۔ وڈیو لنک اجلاس سے ایک دن پہلے فراہم کر دیا جائے گا۔

ii) ضروری تصدیق کے بعد رجسٹریشن کرانے والے ارکان کو کمپنی کی جانب سے ایک وڈیو لنک اسی ای میل پتہ پر فراہم کیا جائے گا جس سے انہوں نے کمپنی کو ای میل کی ہوگی۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے اس کی کارروائی کے اختتام پر دستیاب رہے گی۔

c) پراکسی کے تقرر کے لئے

i) افراد کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ریگولیشنز کے مطابق اپ لوڈ کر دی گئی ہوں، مذکورہ بالا شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے۔ پراکسی فارم لف ہذا ہے اور اردو اور انگریزی زبانوں میں کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیا جائے گا۔

ii) پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہئے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم پر درج کئے جائیں۔

iii) بینیفشل مالک اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ہمراہ جمع کرائی جائیں۔

iv) پراکسی کو اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نمونہ دستخط کمپنی کے فارم کے ہمراہ جمع کرانا ہوگا (اگر یہ پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو)۔

d) سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی

لیکوئڈیشن کی رقم کی ادائیگی انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن (c)(19)2 کے مطابق کی جائے گی جس میں لیکوئڈیشن کی رقم کی تعریف اس حد تک ڈیویڈنڈ کے طور پر کی گئی ہے جہاں تک اس کی تقسیم کمپنی کی لیکوئڈیشن/ بندش سے عین قبل جمع شدہ منافع سے منسوب کی جا سکتی ہو۔ مزید برآں، حکومت پاکستان نے فنانس ایکٹ، 2019 کے ذریعے انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 میں بعض ترامیم کی ہیں جن کے تحت کمپنیوں کی جانب سے ادا کئے جانے والے ڈیویڈنڈ کی رقم پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کا درج ذیل طریقہ وضع کیا گیا ہے:

- ایکٹو ٹیکس پیئرز کے لئے 15 فیصد
- نان ایکٹو ٹیکس پیئرز کے لئے 30 فیصد

ایکٹو ٹیکس پیئرز اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ ان کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (اے ٹی پی ایل) میں ظاہر ہوں۔ معاونت کے لئے آپ ایف بی آر کی ویب سائٹ دیکھ سکتے ہیں۔ اگر رکن کا نام اے ٹی پی ایل میں موجود نہ ہو تو کمپنی 30 فیصد کی شرح سے کٹوتی کی پابند ہوگی قطع نظر اس کے کہ وہ رکن انکم ٹیکس فائلر ہو۔

6. ارکان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتہ میں کسی بھی تبدیلی کے بارے میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو آگاہ کریں۔
7. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (I)185 کے تحت ممانعت کے پیش نظر کمپنی عام اجلاسوں میں اپنے ارکان میں کسی قسم کے تحائف تقسیم نہیں کرتی۔
8. کسی بھی استفسار/ معلومات کے لئے ارکان کمپنی سے ای میل: headoffice@rphcc.com اور/ یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار سے 6-32271905 (21 92+) پر یا ای میل پتے: fdregistrar@yahoo.com پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ ارکان نوٹس/ اطلاع کے لئے کمپنی کی ویب سائٹ www.phdl.com.pk بھی دیکھ سکتے ہیں۔
9. کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشن 2017 کی رو سے حصص داران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اگر انہوں نے اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (آئی بی اے این) کی تفصیلات پہلے فراہم نہیں کیں تو وہ یہ تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار کو (اگر وہ فزیکل شکل میں حصص کے حامل ہوں) مذکورہ بالا دفتری پتے پر یا متعلقہ پارٹیسپنٹ/ بروکر (اگر سی ڈی ایس اکاؤنٹ کے ذریعے کسی حصص کے حامل ہوں) کو فراہم کر دیں۔
10. 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کی سالانہ فنانشل سٹیٹمنٹس کمپنی کی ویب سائٹ (www.phdl.com.pk) پر فراہم کر دی گئی ہیں۔ مذکورہ بالا سے قطع نظر سالانہ رپورٹ، 2025 کی ہارڈ کاپیاں کسی رکن کی طرف سے درخواست موصول ہونے کے ایک (1) ہفتے کے اندر ان کے رجسٹرڈ پتے پر ارسال کر دی جائیں گی۔
11. کمپنی قبل ازیں کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت ذمہ داری پوری کر چکی ہے جس کے تحت کمپنی نے ایسے ارکان سے رابطہ کیا کہ وہ قانون کے مطابق اپنے غیر کلیم شدہ ڈیویڈنڈ کا کلیم کر لیں۔ جن ارکان کے ڈیویڈنڈ کے کلیم ابھی تک نہیں کئے گئے انہیں بذریعہ ہذا ایک بار پھر مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے ڈیویڈنڈ کی واجب الادا رقوم کا کلیم کرنے کے لئے کمپنی سے رابطہ کر لیں۔